© rasailojaraid.com



# عجمی اسرائیل

شورش کاشمیریؒ

کرۂ ارضی کی ہر عنوان سے تذلیل ہے
قادیاں مابین ہند و پاک اسرائیل ہے

میرا یہ لکھنا کہ ربوہ کی خلافت ہے فراڈ
خواجۂ کونین کے ارشاد کی تعمیل ہے

دُم بریدہ ہفتگی (۱) ، یک چشمِ گل اس کا مدیر (۲)
مصلح موعود کے الہام کی تکمیل ہے

اہلیہ مرزا غلام احمد کی اُم المومنین
ہے کہاں قہرِ خدا ؟ قہرِ خدا میں ڈھیل ہے

کیا تماشا پیمبر بن گیا عرضی نویس
گفتنی اجمال ہے ناگفتنی تفصیل ہے

کاسہ لیسی کا حصارہ ، مخبری کا زہرِ ناب
ان سیاسی مغچوں کے خون میں تحلیل ہے

قادیاں والو قیامت ہوں تمہارے واسطے
میرے رشحاتِ قلم میں صورِ اسرافیل ہے

اپنی ہر تحریر میں اسلام کے عنوان سے
شاعرِ مشرق نے جو لکھا ہے ، سنگِ میل ہے

میں نے جو کچھ بھی لکھا ہے ، قادیاں کے باب میں
پارۂ الہام ہے ، آوازۂ جبریل ہے

(۱) قادیانیوں کا رسالہ ہفت روزہ ''لاہور'' (۲) ثاقب زیروی



© rasailojaraid.com